علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی وعلومِ اسلامیہ

(شعبہ اسلامی فکر تاریخ وثقافت)

وارننگ

عزیز طلبہ ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کرکے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یاڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہوجائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism " پالیسی کے مطابق سزادی جائے گی۔

کورس: اسلامی ومغربی تہذیب وافکار تاریخی تناظر میں (1912) **سمسٹر: بہار، 2026ء**

سطح: بی ایس علوم اسلامیہ

ہدایت نامہ برائے طلبہ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ سکین (Scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کریں۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اَپ لوڈ نہ ہوسکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔

6- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہوبہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ نمبر 1-5)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر 1۔ تہذیب کے لغوی مفہوم میں "کانٹ چھانٹ" کی تشبیہ سے کیا مراد ہے؟ وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 2۔ بعثتِ نبوی ﷺ کو تاریخِ انسانی میں ایک نئے دور کا آغاز کیوں کہا جاتا ہے؟ (20)

سوال نمبر 3۔ اسلامی تہذیب کا ماخذ قرآن و سنت ہونے نے عرب معاشرے کو کن بنیادی تبدیلیوں سے گزارا؟ (20)

سوال نمبر 4۔ اسلامی تہذیب و تمدن میں عالمِ عرب کو مرکزی حیثیت کیوں حاصل ہے؟ (20)

سوال نمبر 5۔ جدید مغربی تہذیب کے فکری شجرۂ نسب کی وضاحت کریں۔ (20)

امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ نمبر 6-9)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر 1۔ تیرھویں صدی کے بعد عالمِ اسلام کے زوال کے اسباب کا مختصر تجزیہ کریں۔ (20)

سوال نمبر 2۔ استشراق کی لغوی اور اصطلاحی تعریف واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر 3۔ مغربی تہذیب کے عالمی غلبے نے انسانیت کو کن بنیادی معنوی خساروں سے دوچار کیا؟ (20)

سوال نمبر 4۔ دورِ جدید میں اسلام اور مغربیت کی کشمکش کے تاریخی پس منظر کو واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر 5۔ امتِ مسلمہ کو عالمی سطح پر کن فکری اور تہذیبی چیلنجز کا سامنا ہے؟ (20)